# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 4 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 1 | سبق کا نام: سراپا رحمت خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر/چاک، کتاب "اردو پنجم"، بورڈ مارکر/چاک، دیے گئے اہم الفاظ کی پرچیاں، گتے کا ڈبا۔ نمبر 1 تا 4 کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ سے متعلق سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کرلیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنادیں اور ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔
- اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔
- جو گروہ پہلے باجا بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔
- درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- جماعت کے بچوں کی جوڑیاں بنادیں۔۔ ہر جوڑی یا گروہ سے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ کی ایک ایک خوبی کو اپنے الفاظ میں بیان کرنے کے لیے کہیں۔
- استاد بچوں کو آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ کے بارے میں اختصار سے درج ذیل باتیں بتائیں۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ کے والدین، پیدائش، پرورش، تربیت، مشاغل، حلیہ مبارک، نبوت، آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلَّمَ کی خوبیاں جیسے: راست گوئی، امانت، دیانت، ایفائے عہد، سراپا شفقت، رحمت العالمین، نبی آخر الزمان، وغیرہ۔

- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کرلیں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔
- سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کرلیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔

- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔اور کھول کر ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔
- جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے،اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعدازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر باآواز بلند پڑھائیں۔اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنادیں۔
- متن کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیرا گراف یا جملوں کی خواندگی کروائیں۔
- اس سر گرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرا جماعت میں ہونے والی سر گرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سر گرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنادیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے۔اس طرح یہ سر گرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 4 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: سراپا رحمت خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، بورڈ، کتاب "اُردو پنجم"، گتے کا ڈبا، جس پر رنگ دار کاغذ چڑھا کر لکھا ہو "لفظی جیب"، پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"۔
- سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر بآوازِ بلند پڑھائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 12 کھلوائیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- اب چار پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں۔
- وہ ٹوکری باری باری چاروں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے انھی جملوں یا پیراگراف کی بلند خوانی کرے گا۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کو چنیں جنھوں نے گزشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو۔
- جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ متعلقہ متن مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔

| |
|---|
| • بچوں کی توجہ کے لیے متن سے متعلق ان سے مختلف سوالات بھی کرتے جائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق کے مختلف حصوں کی بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: سراپا رحمت خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |
| **مقاصد**: الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ زاُردو جماعت پنجم کی کتاب۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ٹوکری | | |

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کے دو گروہ بنالیں۔ دونوں گروہوں کو گروہ الف اور گروہ ب کا نام دیں۔
- دو ٹوکریوں میں جماعت کے دونوں گروہوں کے ناموں کی پرچیاں لکھ کر ڈال دیں۔
- گروہ الف کے ناموں کی پرچیاں گروہ ب کے بچوں کو دے دیں اور گروہ ب کے ناموں کی پرچیاں گروہ الف کو دے دیں۔
- سب سے پہلے گروہ الف کی ٹوکری میں سے ایک پرچی نکالیں۔
- جس بچے کا نام نکلے اس سے کتاب کے صفحہ نمبر 11 پر موجود سبق کے ''تلفظ سیکھیں'' کے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اگر بچہ درست تلفظ سے نہیں پڑھے گا تو باری دوسرے گروہ کے بچوں کو دے دی جائے گی۔
- اس کے بعد گروہ ب کے ناموں کی پرچیوں میں سے ایک پرچی نکالیں اور ان بچوں سے بھی ویسے ہی الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- دونوں گروہوں میں سے جن کے زیادہ بچے درست لب ولہجہ اختیار کریں گے وہ گروہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں الفاظ، دوسرے میں معانی کی سرخی دے دیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں لفظ "منارہ نور" لکھ کر بچوں سے اس کی بلند خوانی کروائیں۔
- بچوں سے اس کا معانی پوچھیں پھر معانی والے کالم میں اس کا معانی "روشنی کا مینار" لکھیں۔
- اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے 4 گروہ بنادیں۔
- ہر گروہ کو چارٹ کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی 4 پرچیاں دیں۔
- جن کے باہر الفاظ "تاکید، کراہنا، ملامت، آہ وزاری، در گزر کرنا، انتہا کرنا" لکھے ہوں اور ان کے سامنے معانی لکھنے کی جگہ ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچی کے باہر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، پھر اس کے سامنے دی ہوئے جگہ میں اس کا معانی لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک پر الفاظ، دوسرے میں معانی لکھیں۔
- الفاظ والے کالم میں الفاظ "تاکید، کراہنا، ملامت، آہ وزاری، در گزر کرنا، انتہا کرنا" لکھ دیں۔

| |
|---|
| • مختلف گروہوں کے بچوں کو باری باری بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جو لفظ آیا تھا وہ بورڈ پر تلاش کر کے اس کے سامنے اس کا معانی لکھیں۔ درست معانی لکھنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں سے الفاظ کے معانی پوچھیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر کالم بنا کر ایک میں الفاظ، دوسرے میں معانی کی سرخی دے دیں۔ اب الفاظ والے کالم میں خاص الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے الفاظ کے درست معانی لکھوائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) نئے الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ کاپیوں پر لکھیں اور جملے بنائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: سراپا رحمت خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر/چاک، کتاب "اردو پنجم"، گتے کا ڈبا، سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں، چارٹ کی بنی ہوئی جیبیں

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کرلیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھالیں اور کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں۔
- سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں۔
- کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر میز پر لڑھکانے کو کہیں جیسے لڈو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کے چار گروہ بنادیں اور ہر گروہ کو چارٹ کی بنی ہوئی ایک ایک جیب دیں، جن کے اندر سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات کی پرچیاں ہوں اور ان پر جوابات لکھنے کی جگہ خالی ہو۔ چاروں گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنی اپنی جیبوں کے اندر پڑی پرچیوں پر لکھے ہوئے سوالات پڑھیں اور پھر باہمی مشورے سے ان کے جوابات لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی پرچی آئی ہے، وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے اس سوال کا جواب لکھے۔
- درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔

بچوں سے سوالات کی خواندگی کروائیں، پھر ان کے جوابات پوچھیں۔ سوالات کے جوابات ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ سوالات کے نیچے جوابات لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) سوالات کے جوابات دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 4 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: سراپا رحمت خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ زاُردو جماعت پنجم کی کتاب، سوالوں کی پرچیاں، کارڈ، پلاسٹک کی تھیلیاں

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ میں سے دو، دو بچوں کو بلا کر میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔
- اس مقصد کے لیے بچوں کی تعداد کے مطابق ایک چیئر کم کر کے رکھیں۔
- اب گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- جو بچہ کھڑا رہ جائے اس سے مشق کے سوال 2 میں سے سوالات پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔
- اس طرح ایک ایک کرسی کم کرتے جائیں۔
- یہ سرگرمی اس وقت تک کریں جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔
- جیتنے والے بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو ایک بار سبق ''سراپا رحمت خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ'' کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- انھیں بتائیں آج ہم سبق سے متعلق درست جوابات کی نشان دہی اور غلط درست فقرات کی سرگرمی کریں گے۔
- مشق کے سوال 2 میں دیے گئے جملوں کی پرچیاں بنائیں اور ہر پرچی کے ساتھ ایک کارڈ پر بھی لگائیں جس پر تین غیر متعلقہ اور ایک درست جواب لکھا ہو۔
- اب ان پرچیوں اور ان کے کارڈز کو ایک تھیلی میں ڈال دیں۔
- ہر گروہ کو ایک ایک تھیلی دے دیں اور انھیں ہدایت کریں کہ پرچی پر لکھے سوال کو پڑھیں اور کارڈ پر چاروں میں سے درست جواب پر دائرہ لگائیں۔
- اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ایک لیڈر کو بلائیں اور اسے جماعت کے سامنے اپنا سوال اور اس کا درست جواب پڑھنے کو کہیں۔
- ساتھ ہی ساتھ یہ جملہ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو خواندگی کروائیں۔
- سوال نمبر 4 میں دیے گئے غلط درست فقرات کو بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے نشان دہی کروائیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) سوال نمبر 3 اور 4 کے سوالات بچوں سے کاپیوں پر لکھوائیں اور فہم کا جائزہ لیں کہ انھیں سبق کی کس حد تک سمجھ آ گئی ہے۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 4 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | | سبق کا نام: سراپا رحمت خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** بات چیت کر کے سبق کے اہم نکات سنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مار کر/چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ہر جیب میں سوال نمبر 3 کے سوالات کی پرچیاں ڈال دیں یعنی ایک جیب میں ایک سوال کی پرچی ڈالیں۔
- اب متفرق بچوں کو بلائیں اور انھیں میز پر ڈبا لڑھکانے کے لیے کہیں جیسے لڈو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔
- لڑھکانے پر جو جیب اوپر آئے گی۔ بچہ اس جیب میں سے پرچی نکال کر سوال پڑھے گا اور اس کا درست جواب بتائے گا۔
- صحیح جواب دینے پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں اور سرگرمی کے اختتام پر ایک بار خود غلط درست فقرات کی نشان دہی کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ انھوں نے سبق کو غور سے سننا ہے اور اس کے اہم نکات سنانے ہیں۔
- بچوں کو ''سراپا رحمت خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ'' سنائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ سبق سننے کے بعد جو اہم نکات ان کے ذہن میں آئے ہیں انھیں اپنی ساتھ نشست پر بیٹھے ساتھی کو سنائیں اور اس کے اہم نکات بھی سنیں۔
- اس دوران استاد بچوں کے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- سوال نمبر 5 کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں کو نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی بچوں کے حوالے سے دی جانے والی تعلیمات کے بارے میں بتائیں۔
- پھر ان سے کہیں کہ وہ آپس میں بات چیت کر کے بتائیں کہ وہ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی کن کن تعلیمات پر عمل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔
- بچوں کو بولنے کا بھرپور موقع دیں اور دوران گفتگو ان کے اہم نکات کو بورڈ پر لکھیں اور آخر میں بہترین جملوں کے ساتھ سرگرمی کا اختتام کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) سبق کے اہم نکات بچوں سے کاپیوں پر لکھوائیں اور چیک کریں کہ انھیں سبق کی کس حد تک سمجھ آگئی ہے۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔